ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

منشیات اور جوئے کے اڈوں کو ختم کیئے جانے کے حوالے سے تفصیلات فوری ارسال کی جائیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آئی جی سندھ

کراچی 30 نومبر 2016ء:۔

ترجمان سندھ پولیس کے مطابق محمود آباد کے علاقے میں منشیات کی کھلے عام مبینہ فروخت کے حوالے سے میڈیا رپورٹس پر آئی جی سندھ نے سخت نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی ایسٹ سے تفصیلی انکوائری پر مشتمل رپورٹ طلب کرلی ہے۔۔۔۔۔انہوں نے ایسے فعل میں ملوث عناصر اور انکے سرپرستوں کے خلاف تمام تر قانونی کاروائی کو مؤثر بنانیکے بھی احکامات جاری کیئے ہیں۔

ترجمان کے مطابق آئی جی سندھ نے تمام ڈی آئی جیز کو منشیات اور جوئے کے اڈوں کے خاتمے کے حوالے سے جاری پولیس کاروائیوں کو مزید تیز کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات کی فروخت اور جوئے کے اڈے چلانیوالے ملزمان اور انکے سرپرستوں کے خلاف درج مقدمات, تفتیش میں ابتک ہونیوالی پیش رفت اور کیس ٹو کیس گرفتار, عدم گرفتار ملزمان کی جملہ تفصیلات جلد سے جلد برائے ملاحظہ و مزید ضروری اقدامات ارسال کی جائیں۔

انہوں نے کہا کہ کسی بھی تھانہ کی حدود میں منشیات فروشی یا جوئے کے اڈوں کے قیام کی تمام تر ذمہ داری ایس ایچ اوز پر عائد کی جائیگی اور شکایات کے مرتکبین پولیس افسران یا اہلکاروں کو نا صرف محکمانہ بلکہ قانونی کاروائیوں کا بھی سامنا, کرنا پڑیگا۔

"۔۔۔۔۔۔"۔۔۔۔۔۔"۔۔۔۔۔۔"۔۔۔۔۔۔"۔۔۔۔۔۔"